لا يقاس منها ولا يتعب، فالضمير على كلا المعنيين راجع إلى الآيات و«السأم» بفتحتين السآمة والملالة يعني: أنّ الآيات لكونها في أعلى طبقات المعجزات لا تترك بالملالة من إكثارها بل كلما ازدادت ازداد فرح قارئها، وفي البيت تلميح إلى قوله عليه السلام: ((إن هذا القرآن لا تنقضي عجائبه ولا يخلق من كثرة الترداد)). [مصنف ابن أبي شيبة، كتاب فضائل القران، في التمسك بالقران، ١٦٥/٧، الحديث:٣]. (عصيدة الشهدة شرح قصيدة البردة، صـ٢٢٤)

(١) **قوله:** [عَلَام] يقال: علامَ تقولُ كَذا وكَذا وفيمَ صنعتَ ولِمَ فعلتَ وحتامَ وكان الأصل: على "مَا" وفي ما ولِما صنعت فالأصل "مَا"؛ لأنّ الألف تحذف مع هذه الحروف إذا كان "ما" استفهاماً.

محمد بن عبد الله عن السراج بن الألجائي والبدر الكرخي والشمس العلقمي كلهم عن الإمام جلال الملة والدين السيوطي قال في الإتقان ناقلا عن ابن تيمية: الخلاف بين السَلَف في التفسير قليل، وغالب ما يصح عنهم من الخلاف يرجع إلى اختلاف تنوع لا اختلاف تضاد. وذلك صنفان:

أحدهما: أن يعبّرَ واحد منهم عن المراد بعبارة غير عبارة صاحبه، تدل على معنى في المسمّى غير المعني الآخر، مع اتحاد المسمّى كتفسيرهم ﴿الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ﴾ [الفاتحة:٦] بعضٌ: بالقرآن أي اتباعه، وبعض: بالإسلام، فالقولان متفقان، لأن دين الإسلام هو اتباع القرآن، ولكن كل منهما نَبَّه على وصف غير الوصف الآخر، كما أن لفظ "الصِّرَاطَ" يشعر بوصف ثالث، وكذلك قول من قال: «هو السنة والجماعة»، وقول من قال: «هو طريق العبودية»، وقول من قال: «هو طاعة الله ورسوله» وأمثال ذلك، فهؤلاء كلهم أشاروا إلى ذات واحدة، لكن وصفها كل منهم بصفة من صفاتها.

الثاني: أن يذكر كل منهم من الاسم العام بعض أنواعه على سبيل التمثيل وتنبيه المستمع على النوع لا على سبيل الحدّ المطابق للمحدود في عمومه وخصوصه، مثاله ما نقل في قوله تعالي: ﴿ثُمَّ أَوْرَثْنَا

الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ﴾ [فاطر:٣٢] فمعلوم أن "الظالم لنفسه" يتناول المضيّع للواجبات والمنتهك للحرمات، و"المقتصد" يتناول فاعل الواجبات وتارك المحرمات، و"السابق" يدخل فيه من سبق فتقرب بالحسنات مع الواجبات فالمقتصدون أصحاب اليمين، والسابقون السابقون أولئك المقربون، ثم إنّ كلا منهم يذكر هذا في نوع من أنواع الطاعات كقول القائل: "السابق" الذي يصلي في أول الوقت، و"المقتصد" الذي يصلي في أثنائه، و"الظالم لنفسه" الذي يؤخر العصر إلى الإصفرار أو يقول: "السابق" المحسن بالصدقة مع الزكوة، و"المقتصد" الذي يؤدي الزكاة المفروضة فقط، و"الظالم" مانع الزكوة(١).

وعن الزركشي: ربما يحكى عنهم عبارات مختلفة الألفاظ فيظن مَن لا فِهمَ عنده أن ذلك اختلاف محقق فيحكيه أقوالا، وليس كذلك بل يكون كل واحد منهم ذكر معنى من الآية لكونه أظهر عنده، أو أليق بحال السائل، وقد يكون بعضهم يخبر عن الشيء بلازمه ونظيره، والآخر بمقصوده وثمرته، والكل يؤل إلى معنى واحد غالبا(٢).

---

(١) الإتقان، النوع الثامن والسبعون في معرفة شروط المفسر، ٢/١٢٠٠.

(٢) الإتقان، النوع الثامن والسبعون في معرفة شروط المفسر، ٢/١٢٠٥.

وعن البغوي والكواشي[١] وغيرهما: التأويل صرف الآية إلى معنى موافق لما قبلها وبعدها تحتمله الآية غير مخالف للكتاب والسنّة من طريق الاستنباط غير محظور على العلماء بالتفسير كقوله تعالى: ﴿اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّثِقَالًا﴾ [التوبة:٤١] قيل: «شبابا وشيوخا»، وقيل: «أغنياء وفقراء»، وقيل: «عزابا ومتأهلين»، وقيل: «نشاطا وغير نشاط»، وقيل: «أصحاء ومرضى»، وكل ذلك سائغ، والآية تحتمله[٢].

وهذا فصل عميق بعيد لو فصلنا فيه الكلام خرج بنا عما نحن بصدده من المرام، وفيما أوردناه كفاية لأولى الأحلام لا سيما من له إجالة نظرٍ في كلمات المفسرين، وتمسكات العلماء بالقرآن المبين.

---

(١) قوله: [الكواشي] أحمد بن يوسف بن الحسن، أبو العباس الكواشي: عالم بالتفسير، من فقهاء الشافعية، توفي سنة ٦٨٠هـ، من كتبه "كشف الحقائق" ويعرف بـ"تفسير الكواشي". (الأعلام، ١/٢٧٤)

(٢) الإتقان، النوع الثامن والسبعون في معرفة شروط المفسر، ٢/٥٥٥.

يجوز تفسير القرآن لمن كان جامعا للعلوم التي يحتاج المفسر إليها وهي خمسة عشر علما

١–اللغة: لأن بها يعرف شرح مفردات الألفاظ.

٢–النحو: لأن المعنى يتغير ويختلف بإختلاف الإعراب.

٣–التصريف: لأن به تعرف الأبنية والصيغ.

٤–الاشتقاق: لأن الإسم إذا كان إشتقاقه من مادتين مختلفتين اختلف المعنى باختلافهما.

٥–المعاني: يعرف به خواص تراكيب الكلام من جهة إفادتها المعنى.

٦–البيان: يعرف به خواصها من حيث اختلافها بحسب وضوح الدلالة وخفائها.

٧–البديع: يعرف به وجوه تحسين الكلام.

٨–علم القراءات: لأن به يعرف كيفية النطق بالقرآن.

٩–أصول الدين: بما في القرآن من الآيات الدالة بظاهرها على ما لا يجوز على الله تعالى.

١٠–أصول الفقه: إذ به يعرف وجه الإستدلال على الأحكام والإستنباط.

١١–أسباب النزول والقصص: إذ به يعرف معنى الآية المنزلة فيه بحسب ما أنزلت فيه.

١٢–الناسخ والمنسوخ: ليعلم المحكم من غيره.

١٣–الفقه.

١٤–الأحاديث: المبينة لتفسير المجمل والمبهم.

١٥–علم الموهبة: وهو علم يورثه الله تعالى لمن عمل بما علم وإليه الإشارة بحديث من عمل بما علم ورثه الله علم ما لم يعلم. (الإتقان في علوم القرآن، ٢/٤٧٧)

اردو ترجمہ

الأنوارُ الـرَّضَـوِيّـة في القواعد التفسيرية

ماخوذ از رسالہ

الزلال الانقی من بحر سبقۃ الاتقی

تصنیف: امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمن

فہرست مضامین

پہلا مقدمہ

الفاظ کو بلا ضرورت اپنے ظاہری معنی سے پھیرنے کے بارے میں

س کیا الفاظ کو بلا ضرورت اپنے ظاہری معنی سے پھیرنا جائز ہے؟

ج دلائل عقلیہ ونقلیہ سے یہ بات ثابت ہے کہ الفاظ کو ان کے ظاہری معنی سے اس وقت تک نہیں پھیرا جائے گا جب تک ان کو پھیرنے کی ایسی شدید حاجت نہ پائی جائے جو اس کے بغیر پوری نہ ہو، ورنہ بلا ضرورت الفاظ کو پھیرنا تاویل کے بجائے تغییر و تبدیل کہلائے گا۔ اور اگر بلا ضرورت ایسا کرنے کی اجازت دے دی جائے تو نصوص پر سے اعتماد ختم ہو جائے گا۔ کما لا یخفی. اور یہ اتنی واضح بات ہے کہ اس پہ دلائل پیش کرنے کی ضرورت نہیں، یہاں تک کہ بعض علمانے تو اس کو متون عقیدہ میں شامل فرمایا ہے۔ اور یہ اس کی مستحق بھی ہے، کیونکہ تمام بد مذہبوں کی یہ پوری کوشش ہوتی ہے کہ نصوص شرعیہ کو ان کے ظاہری معنی سے پھیریں، اور ان کی غلط تاویلیں، بے بنیاد احتمالات، اور نامعقول اعذار پیش کریں، لہذا ہم پر یہ لازم ہے کہ نصوص شرعیہ کو ان کے ظاہری معنی پر ہی رکھیں جب تک ان کو پھیرنے کی سخت ضرورت نہ ہو، تاکہ باطل پرستوں کی بیخ کنی ہو سکے۔ وھذا ظاھر جدا۔

دوسرا مقدمہ

علم تفسیر کے اصول و آداب کے بارے میں

علم تفسیر کی مشکلات کا بیان

س کیا ہم پر لازم ہے کہ جو کچھ بھی تفسیر کی کتابوں میں لکھا ہے اس کو درست مان لیں اگرچہ عقل و نقل اس کو تسلیم نہ کرے؟

ج ایسا نہیں ہے کہ جو کچھ بھی متداول تفاسیر میں مذکور ہے اس کو قبول کرنا ہی ضروری ہو، اگرچہ دلائل عقلیہ و نقلیہ اس کی تائید نہ کریں، کیونکہ وہ تفسیر جو رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم سے منقول ہے اور جس کو قبول کرنا ضروری ہے نہایت قلیل مقدار میں موجود ہے، اس کا مجموعہ ایک یا زیادہ سے زیادہ دو پارے کی تفسیر جتنا ہو گا۔

امام خویی فرماتے ہیں: علم تفسیر مشکل بھی ہے اور قلیل بھی، اس کا مشکل ہونا تو کئی وجوہات سے ظاہر ہے، سب سے اظہر وجہ اس کا ایسی ذات کا کلام ہونا ہے کہ نہ تو لوگ اس ذات سے سن کر اس کی مراد سمجھ سکتے ہیں، اور نہ اس تک کسی کی رسائی ممکن ہے، جب کہ ضرب المثل اور اشعار وغیرہ کی مراد قائل سے یا جس نے قائل سے سنا ہے اس سے سن کر معلوم کی جاسکتی ہے۔ مگر قرآن کریم کی قطعی تفسیر رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم سے سنے بغیر ممکن نہیں، اور رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم سے منقول تفسیر چند آیات کے سوا باقی میں ناممکن ہے، پس باقی آیات کی مراد علامات و دلائل کی روشنی میں اخذ کی

جائے گی۔ اور حکمت اس میں یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ یہ ارادہ فرماتا ہے کہ اس کے بندے اس کی کتاب میں غور و فکر کریں، اسی لیے اس نے اپنے نبی صَلَّی اللہ تَعالی عَلَیہ وَسَلَّم کو تمام آیات کی تفسیر بیان کرنے کا حکم نہیں دیا۔

تفسیر بالماثور کی قلت اور اس کے اسباب کا بیان

س قرآن کریم کی مراد جاننے کے لیے ہم صرف منقولہ تفسیر پر اکتفا کیوں نہیں کر لیتے؟

ج امام زرکشی رَحْمۃُ اللہِ تَعالی عَلَیہ اپنی کتاب "البُرهان في عُلوم القرآن" میں فرماتے ہیں: قرآن کریم کی تفسیر کے طالب کے لیے بہت سے طریقے ہیں جن میں سے بنیادی چار ہیں۔

پہلا: رسول اللہ صَلَّی اللہ تَعالی عَلَیہ وَسَلَّم سے منقولہ روایات سے تفسیر کی جائے، اور یہ سب سے افضل طریقہ ہے، لیکن اس باب میں ضعیف اور موضوع سے دامن بچا کر چلے کیونکہ وہ اس باب میں بکثرت ہیں۔۔۔الخ۔ امام سیوطی رَحْمۃُ اللہِ تَعالی عَلَیہ فرماتے ہیں: منقولہ تفسیر میں صحیح روایات بہت کم ہیں، اور اس میں مرفوع تو نہایت ہی قلیل ہیں۔

اسی طرح صحابہ کرام عَلَیہِمُ الرِّضْوان و تابعین عظام سے جو منقول ہے وہ بھی تفاسیر میں پائے جانے والے غیر مرتب و غیر مستند اقوال کے بڑے بڑے ذخائر کے مقابلے میں بہت کم ہے۔ اور اس طرح کے اقوال صحابہ اور تابعین کے بعد تفسیر میں داخل ہوئے، اور یہ اس وقت ہوا جب اختلافات بڑھے اور باہمی کشمکش

پیدا ہوئی تو ہر علم لغت اور نحو وبیان کا جاننے والا بلکہ ہر وہ شخص جسے علوم قرآن کی کسی بھی نوع سے تھوڑی سی بھی واقفیت تھی اس نے اپنے ذہن وفکر کے مطابق قرآن کریم کی تفسیر شروع کر دی، پھر اس کے بعد تمام اقوال کو جمع کرنے کے شائقین آئے اور بغیر کسی جرح ونقد کے تمام اقوال کو نقل کرنے پر ٹوٹ پڑے پس اسی وجہ سے تفسیر میں کثیر آراء پیدا ہوئیں اور درست بات کے ساتھ غلط کی آمیزش ہو گئی۔

س تفسیر میں اختلاف اور فساد کیسے داخل ہوا؟

ج ابن تیمیہ کہتا ہے (جیساکے امام سیوطی نے اس کے کلام کو بہترین کلام کہہ کر نقل کیا): اس اختلاف وفساد کی دو صورتیں ہیں، پہلی یہ کہ ایک گروہ عقیدہ پہلے بناتا ہے پھر الفاظ قرآن کو اس کی دلیل بنانے کی کوشش کرتا ہے۔ اور دوسرا گروہ قرآن کی تفسیر عربی بولنے والوں کے ذوق کے مطابق کرتا ہے بغیر اس کی رعایت کیے کہ قرآن کس کا کلام ہے، کس پر نازل ہوا، اور اس کا مخاطب کون ہے۔ پس پہلا گروہ قرآنی الفاظ کی دلالت اور حقیقی مراد سے صرف نظر کرتے ہوئے اس معنی کے مطابق تفسیر کرتا ہے جس کو اس نے اپنا عقیدہ بنایا ہوا ہے، اور دوسرا گروہ الفاظ کو اصل بناتے ہوئے صرف عربی لغت کے ذریعے اس کا ترجمہ کر دیتا ہے، اس طرف توجہ دیئے بغیر کہ یہ معنی قرآن کو نازل کرنے والی عظیم الشان ذات کے لائق، اور سیاق وسباق کے موافق بھی ہیں یا نہیں۔ پھر یہ دوسری قسم والے لغت سے الفاظ کے معانی لینے میں بھی غلطی کرتے ہیں جیسا کہ پہلا گروہ اس کا ارتکاب کرتا ہے۔ اور اسی طرح پہلا گروہ جن معنی سے قرآن کی تفسیر کرتے ہوئے اس کے صحیح اور غلط

ہونے میں خطا کا مرتکب ہوتا ہے، دوسرا بھی اس سے محفوظ نہیں رہ پاتا، اگرچہ پہلا گروہ معنی کو مدِ نظر رکھتا ہے، اور دوسرے کے پیشِ نظر الفاظ ہوتے ہیں۔

پھر پہلی قسم والوں کے بھی دو طریقے ہیں: کبھی تو وہ لفظ قرآن سے ان معنی کی نفی کر دیتے ہیں جن پر وہ الفاظ دلالت کر رہے ہوتے ہیں، (کیونکہ وہ معنی ان کے عقیدے کے خلاف ہوتے ہیں) اور کبھی لفظ قرآن کو ایسے معنی کے لیے استعمال کرتے ہیں جس پر نہ یہ لفظ دلالت کر رہے ہوتے ہیں، اور نہ ہی وہ اس کی مراد بن رہے ہوتے ہیں، (کیونکہ وہ معنی ان کے عقیدے کے موافق ہوتے ہیں) اور دونوں صورتوں میں جس بات کی نفی یا اثبات کا یہ قصد کرتے ہیں وہ باطل ہوتی ہے یا صحیح، اگر باطل ہوتی ہے تو خطا دلیل اور مدلول دونوں میں ہوتی ہے اور اگر وہ بات حق ہوتی ہے تو خطا صرف دلیل میں ہوتی ہے مدلول میں نہیں۔

آخر میں ابن تیمیہ نے کہا: اور مختصر یہ کہ جو بھی صحابہ اور تابعین کے مذاہب اور تفاسیر کو چھوڑ کر دوسری طرف گیا راہ سے بھٹک گیا بلکہ بد مذہبی کا شکار ہوا، کیونکہ یہ لوگ قرآن کی تفسیر و معانی کو سب سے زیادہ جاننے والے ہیں، جیسے کہ یہ لوگ اس حق کی زیادہ معرفت رکھتے ہیں جو اللہ عَزَّوَجَلَّ کے رسول صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم لے کر آئے۔ انتهى ملخّصاً.

اسی لیے امام ابو طالب طبری اپنی تفسیر کے شروع میں آدابِ مفسر بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں: مفسر پر لازم ہے کہ وہ اپنی تفسیر میں اسی پر اعتماد کرے جو نبی کریم صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم، صحابہ کرام اور تابعین عظام سے منقول ہے،

اور نئی نئی باتوں سے اجتناب کرے۔

ابن تیمیہ نے یہ بھی کہا ہے کہ تفسیر میں اختلاف صحابہ کرام کے زمانے میں تو بہت ہی کم تھا، اگرچہ تابعین کے زمانے میں صحابہ کرام کے اعتبار سے اختلاف زیادہ تھا مگر بعد والے زمانے کے مقابلے میں کم ہی رہا۔

تفسیر میں غیر متعلقہ چیزوں کی معرفت

س اسرائیلی اخبار اور موضوع احادیث تفسیر میں کس طرح داخل ہوئیں؟

ج امام سیوطی رَحْمَةُ اللهِ تَعالى عَلَيه متقدمین کی تفاسیر کا ذکر کرنے کے بعد فرماتے ہیں: پھر ہر ایک نے تفسیر لکھنا شروع کر دی، اور سندوں کو مختصر کیا اور اقوال کو بغیر سیاق وسباق ذکر کر دیا، پس یہیں سے تفسیر میں دخیل یعنی غیر متعلقہ چیزیں داخل ہونا شروع ہوئیں، اور صحیح اور غیر صحیح میں امتیاز باقی نہ رہا، پھر یہ ہوا کہ جس کی سمجھ میں جو آیا اس نے وہ لکھا، اور جس پر اس کا دل ٹھکا اس پر اعتماد کیا اور پھر بعد میں آنے والوں نے انہی تفاسیر کو مستند گمان کرتے ہوئے ان سے اخذ کرنا شروع کر دیا، اور تفسیر کے معتمد مراجع اور متقدمین کے اقوال سے ان باتوں کی تحقیق کی طرف توجہ نہ دی یہاں تک کہ میں نے دیکھا کہ کسی نے ﴿غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ﴾ [الفاتحة:٧] کی تفسیر میں تقریبا دس اقوال ذکر کیے، حالانکہ نبی کریم صَلَّى اللهُ تَعالى عَلَيه وَسَلَّم تمام صحابہ کرام، تابعین عظام اور سلف صالحین سے اس کی تفسیر میں "یہود اور نصاری" منقول ہے، یہاں تک کہ امام ابن ابی حاتم فرماتے ہیں: میں نے اس آیت کی تفسیر میں مفسرین کے درمیان اختلاف نہیں دیکھا۔

آخر میں امام سیوطی رَحمۃُ اللہِ تَعالٰی عَلَیہ فرماتے ہیں: اگر تو سوال کرے کہ کون سی تفسیر کی طرف آپ ہماری رہنمائی کرتے ہیں اور کس پر اعتماد کرنے کا حکم دیتے ہیں؟ تو میں تفسیر امام ابو جعفر محمد بن جریر الطبری کا نام لوں گا کہ معتبر علما کا اس پر اجماع ہے کہ فن تفسیر میں اس جیسی تفسیر نہیں لکھی گئی۔

"المقاصد الحسنة"، "البرهان" اور "الإتقان" وغیرہ میں امام اجل احمد بن حنبل سے مروی ہے، فرماتے ہیں: تین چیزوں کی کوئی اصل نہیں، کتب غزوات، زمانہ نبوی کے بعد کی جنگوں کی اخبار اور تفسیر۔

میں کہتا ہوں کہ اگرچہ ان کی یہ بات تمام کی تمام روایات کے بارے میں نہیں ہے کیونکہ ان کتابوں میں بہت سی روایات درست بھی ہیں، مگر انہوں نے یہ بات روایات میں صحیح اور غلط کے اختلاط کے غلبہ کے بعد ہی کہی ہو گی، جیسا کہ ظاہر ہے، اور یہ تو ان کے زمانے کی بات ہے بعد میں کیا حال ہوا ہو گا؟

موضوع احادیث سے بھرپور چند تفاسیر کا بیان

س وہ کونسی تفاسیر ہیں جن میں اسرائیلی روایات اور موضوع احادیث کی کثرت ہے؟

ج "مجمع البحار" میں رسالہ ابن تیمیہ کے حوالے سے ہے کہ تفسیر میں موضوع احادیث بہت ہیں، جیسے کہ ثعلبی، واحدی اور زمخشری سورتوں کی فضیلت میں ذکر کرتے ہیں، ثعلبی ذاتی طور پہ اچھے اور دیانت دار آدمی تھے، لیکن اندھا اعتماد کرنے والے تھے، جو کچھ بھی تفسیر کی کتابوں میں پایا صحیح ضعیف اور موضوع

کی تمیز کیے بغیر نقل کر دیا، اور ان کے ہمرکاب واحدی اگرچہ لغت عرب میں ان سے زیادہ بصیرت رکھتے تھے مگر اسلاف کی پیروی میں ان سے پیچھے تھے، اور بغوی کی تفسیر ثعلبی کا ہی اختصار ہے مگر انہوں نے اپنی تفسیر کو موضوعات اور بدعات سے محفوظ رکھا۔

"مجمع البحار" میں ہی معین بن صیفی کی "جامع البیان" سے نقل کیا گیا کہ محی السنۃ امام بغوی اپنی تفسیر میں کبھی کبھی ایسی باتیں اور حکایات بھی ذکر کرتے ہیں جن کے ضعیف بلکہ موضوع ہونے پر تمام متاخرین کا اتفاق ہو چکا ہوتا ہے۔ اور اسی میں امام احمد کا "تفسیر کلبی" کے بارے میں یہ قول بھی ہے کہ یہ شروع سے لے کر آخر تک جھوٹ ہے، اس کا پڑھنا جائز نہیں۔

امام خلیل بن عبد اللہ قزوینی خلیلی نے اپنی کتاب "الإرشاد في علماء البلاد" میں تفسیر کے ایسے اجزاء کی تعداد بہت کم بیان کی ہے جو صحیح سندوں سے مروی ہیں، اور ان کے اکثر بلکہ تمام ہی اب ناپید ہیں، سوائے ان روایات کے جو ان میں سے متاخرین نے اپنی کتابوں میں نقل کر لیں ہوں، اور فرماتے ہیں کہ یہ جو لمبی لمبی تفسیریں حضرت عبد اللہ بن عباس رَضِيَ اللهُ عَنهما کی طرف منسوب ہیں غیر مقبول ہیں، اور ان کے راوی غیر معروف ہیں، جیسے کہ جویبر کی تفسیر جو ضحاک کے واسطے سے ابن عباس رَضِيَ اللهُ عَنه سے مروی ہے۔ اور فرمایا کہ ابن جریج تو صحیح روایات کا اہتمام ہی نہیں کرتے، انہوں نے تو ہر آیت کی تفسیر میں جو بھی صحیح غلط روایت ملی ذکر کر دی۔ اور جہاں تک تعلق مقاتل بن سلیمان کی تفسیر کا

ہے، تو ان کو خود ہی ضعیف قرار دیا گیا ہے، جبکہ انہوں نے بڑے بڑے تابعین کرام کو پایا ہے، اور امام شافعی نے ان کی تفسیر کے مقبول ہونے کا اشارہ دیا ہے۔

تفسیر میں ضعیف ترین سندوں کا بیان

س حضرت ابن عباس سے مروی تفسیر میں ضعیف سندیں کون سی ہیں؟

ج امام سیوطی قدس اللہ سرّہ فرماتے ہیں: "تفسیر ابن عباس" میں ضعیف ترین سند کلبی کی سند ہے، جب وہ ابو صالح کے واسطے سے ابن عباس رَضِي الله تَعالی عَنه سے روایت کریں، پھر اگر اس میں محمد بن مروان سدی صغیر بھی مل جائے تو یہ جھوٹوں کی لڑی بن جائے، اور ثعلبی اور واحدی اسی سند سے بہت روایت کرتے ہیں۔ لیکن ابن عدی نے اپنی کتاب "کامل" میں فرمایا کہ کلبی کی بہت سی احادیث مقبول ہیں، خاص طور پر وہ جو ابو صالح کی سند سے مروی ہیں، اور وہ فن تفسیر میں معروف ہیں، کسی اور نے ان سے طویل و جامع تفسیر نہیں لکھی۔ اور ان کے بعد مقاتل بن سلیمان کا درجہ ہے، مگر کلبی مقاتل کے فاسد عقائد رکھنے کی وجہ سے اس سے بہتر ہیں۔ اور ضحاک بن مزاحم کی سند ابن عباس رَضِي الله تَعالی عَنه سے متصل نہیں ہے، کیونکہ ضحاک کی ابن عباس سے ملاقات ثابت نہیں ہے، اور اگر یہ سند «بشر بن عمارة عن أبي روق» کے واسطے سے ہو تو یہ بشر بن عمارہ کے ضعف کی وجہ سے ضعیف ہو جائے گی، اور بے شک ابن جریر اور ابن ابی حاتم نے اسی سند سے بہت سی روایتیں لیں ہیں، اور اگر ضحاک سے "جویبر" روایت کریں تو یہ اور زیادہ ضعیف ہو گی، کیونکہ جویبر شدید ضعیف اور متروک راوی ہیں۔

آگے جا کے امام سیوطی فرماتے ہیں: میں نے ابو عبد اللہ محمد بن احمد بن شاکر القطان کی تصنیف فضائل امام شافعی میں دیکھا کہ وہ ابن عبد الحکم کی سند سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں نے امام شافعی کو فرماتے سنا کہ حضرت ابن عباس سے تفسیر میں تقریباسو (۱۰۰) حدیثیں ہی پایۂ ثبوت تک پہنچتی ہیں۔

فن تفسیر میں علم حدیث کی اہمیت

س تفسیر قرآن میں فن حدیث اور سندوں کے علم کا کیا کردار ہے؟

ج میں کہتا ہوں: امام بغوی کی "معالم التنزیل" دوسری مشہور تفسیروں کے مقابلے میں بہتر ہونے اور علم حدیث کے اصولوں کے قریب تر ہونے کے باوجود بہت سی ضعیف، شاذ اور ناپسندیدہ لغویات پر مشتمل ہے، اور اکثر اس کی سندوں کا دارومدار انہی راویوں پر ہے جن کو ضعف و مذمّت کے ساتھ ابھی بیان کیا گیا جیسے ثعلبی، واحدی، کلبی، سدی، مقاتل اور ان کے علاوہ جن کا ہم نے تذکرہ کیا یا نہیں کیا۔ تو جب اس کا یہ حال ہے، تو پھر ان کی تفسیروں کے بارے میں تمہارا کیا خیال ہے جنہیں نہ علم حدیث سے شغف نہ کھرے کھوٹے کی تمیز میں کمال، جیسے قاضی بیضاوی اور ان کے طریقے پہ چلنے والے دوسرے مفسرین، بس نہ پوچھو ان کے یہاں کیسے کیسے بے سروپا اقوال پائے جاتے ہیں۔

تفسیر میں من گھڑت قصّوں کے عقائد پر خطرناک اثرات

س کیا عقائد میں خلل پیدا کرنے والے باطل اقوال بھی ان ضعیف روایتوں کے ساتھ تفسیر میں داخل کر دیئے گئے، اور اگر ایسا ہے تو اس کا نقصان کیا ہوا؟

ج ضعیف روایات تو ایک طرف (کاش یہ اسی پر اکتفا کرتے) ان میں سے بعض تو تباہی کی طرف سفر کرتے ہوئے ایک قدم اور آگے بڑھے، اور تفسیر میں انہوں نے وہ کچھ بھی شامل کر دیا جس سے رونگٹے کھڑے ہو جائیں، دل تسلیم کرنے سے انکار کر دے، اور کان سننا بھی گوارا نہ کریں، انہوں نے انبیائے کرام و ملائکہ عظام کی شان میں ایسے قصّے بیان کر ڈالے جو ان کی عصمت کے مخالف اور عوام کے دلوں سے ان کی عظمت کم کرنے یا مٹانے والے ہیں۔ اور یہ سب اس پر ظاہر ہے جس نے تفسیر میں حضرت آدم و حوا اور حضرت داود و "اوریا" کے قصے، حضرت سلیمان اور ان کے تخت پر ایک بے جان بدن کے ڈالے جانے کا معاملہ، حضور صَلَّی اللہ تَعالٰی عَلَیہ وَسَلَّم کی تلاوت میں شیطان کی طرف سے لفظ "غرانیق العلی" کے اضافے کی روایت، اور ہاروت ماروت کا ماجرا پڑھا ہے۔ اللہ کی پناہ طلب کرتے ہیں ان خرافات سے اور اسی سے فریادی ہیں۔ اس طرح کی باتیں تفسیر میں نقل کرنے والے ایسی مصیبت میں پڑے جس میں اہل سیر اور زمانہ نبوی کے بعد کے احوال جنگ کو قلم بند کرنے والے حضرات صحابہ کرام کے باہمی اختلافات بیان کر کے پڑ گئے، انہوں نے بہت کچھ وہ ذکر کیا جو دین سے ٹکرانے اور عقیدے کو متزلزل کرنے والا ہے، نقصان پر نقصان اور شر و فساد میں اضافہ اس وقت ہوا جب ایسے کلام پر وہ لوگ مطلع ہوئے جنہیں نہ علم کی میراث سے کچھ حصہ ملا، نہ ہی عقل کی پختگی، تو وہ خود بھی گمراہ ہوئے اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا، اور انہوں نے یا تو اس کے نقصان اور عذاب سے بے

خبر رہتے ہوئے فقط اس کلام کے ناقلین پر اعتماد کرتے ہوئے یہ سب بیان کیا، یا پھر جان بوجھ کر اپنے دل میں چھپے انبیا اور اولیا کی گستاخی کے مرض کو ظاہر کرتے ہوئے یہ جرأت کی، پس اگلے یہ کر گزرے اور بعد والے اسی روش پر چلے، نتیجہ یہ نکلا کہ بہت سے کمزور ایمان والوں کے عقیدوں میں بگاڑ پیدا ہو گیا، اور ان کا حال عوام سے بھی بدتر ہو گیا، کیونکہ عوام تو ان کتابوں کے مطالعے کی استطاعت نہ رکھنے کی وجہ سے ان کے فتنوں سے محفوظ رہے۔

س علمائے اسلام نے اس خطرناک وبا کا مقابلہ کیسے کیا؟

ج بے شک ہمارے علمائے کرام نے سب کی اصلاح کا بیڑا اٹھایا، غیر مستند تفاسیر اور غیر معتبر سیر و تواریخ کی گرفت فرماتے ہوئے علی الاعلان انکا رد کیا، اور ان کے عیوب و نقائص کو آشکار کیا جیسے کہ قاضی عیاض مالکی نے "شفاء شریف" میں، ملّا علی قاری نے "شرح شفاء" میں، علامہ خفاجی نے "نسیم الریاض" میں، امام قسطلانی نے "مواہب" میں، امام زرقانی نے اس کی شرح میں، اور شیخ محقق نے "مدارج" میں اور ان کے علاوہ دوسرے علمائے کرام نے اپنی اپنی تصانیف میں یہ فریضہ سرانجام دیا۔ رَحمَةُ اللهِ عَلَيهِم أجمَعِين، والحَمدُ لله رَبِّ العالَمِين.

ہاں ابو حیان نے کچھ نرم لہجہ اختیار کیا ہے، جیسے امام سیوطی نے ان کا قول نقل کیا کہ بے شک مفسرین نے غیر مستند اسباب نزول و احادیث فضائل، اور نامناسب حکایات و اسرائیلی روایات اپنی تفاسیر میں ذکر کی ہیں انھیں تفسیر میں یہ سب ذکر نہیں کرنا چاہیئے تھا۔

تفسیر میں آراء فلاسفہ کا ورود

س کیا تفاسیر میں کچھ فلسفہ کی باطل افکار بھی داخل ہو گئیں ہیں؟

ج جی ہاں مفسرین کا ایک گروہ ایسا بھی ہے جن کے سر پر فلسفے کا بھوت سوار رہتا ہے، وہ اس کو بہترین چیز گردان کر پوری زندگی اس پر وقف کر بیٹھتے ہیں، پس آیت کی تفسیر میں بعید سے بعید احتمال ذکر کرنے کی کوشش کرتے ہیں اگرچہ نہ کوئی اس کی آیت سے مناسبت ہو نہ اس میں کوئی فائدہ نظر آئے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿وَانْشَقَّ الْقَمَرُ﴾ [القمر:١] کی تفسیر میں فلسفیانہ رو میں بہتے ہوئے وہ اقوال ذکر کر دیئے جس کو نصاریٰ اور ایسے لوگ دلیل بنانے لگے جو ایمان میں تذبذب کا شکار تھے، زبان سے تو کلمہ پڑھتے تھے مگر ان کے دل نبی صَلَّی اللہ عَلَیہ وَسَلَّم کی عداوت اور عظیم معجزات کے انکار سے آلودہ تھے۔فإنا لله وإنا إليه راجعون.

اسی وجہ سے امام سیوطی نے عاجز آکر تمام ایسی تفاسیر سے بیزاری کا اظہار کرتے ہوئے "تفسیر ابن جریر طبری" کی طرف رہنمائی فرمائی جیسے کہ اس بارے میں انکا کلام پہلے گزر گیا، اور اسی طرح امام ذہبی نے بھی اکثر مؤرخین اور سیرت نگاروں کی زبان درازیوں سے تنگ آکر ان تمام سے کنارہ کرتے ہوئے امام بیہقی کی کتاب "دلائل النبوۃ" پر یہ کہتے ہوئے اطمینان کا اظہار کیا کہ یہ سراسر نور ہے۔

پھر یہ عظیم فتنہ اور ہمہ گیر بلا بعد میں آنے والے ایسے متکلمین تک پہنچ گئی جنہیں فن حدیث میں مہارت کے بجائے باطل فلسفے میں رغبت تھی، یہاں تک کہ انہوں نے دلائل میں تو کیا بعض مسائل میں بھی وہ چیزیں ذکر کر دیں جن کا

سنت سے کوئی تعلق نہیں، اور جو ان کی آپس میں مباحثے و مجادلے اور سوالات وشبہات کی کثرت ہے اس کا حال نہ پوچھ، پس اس سے ہوشیار رہ، آہ! بس اللہ ہی سے فریاد ہے، کیونکہ معاملہ یہاں تک پہنچ گیا ہے کہ ان کتابوں کو پڑھنے والا بعض اوقات یہ ہی تمیز نہیں کرپاتا کہ وہ مُحمَّد رسول اللہ صَلَّی اللہ تعالی عَلَیہ وَسَلَّم کا دین پڑھ رہا ہے یا ارسطو اور افلاطون کی تعلیمات کا مطالعہ کر رہا ہے۔

س اس خطرناک بلا کے دفاع کے لیے کون صف آرا ہوا؟

ج بے شک ان کے یہ کرتوت دینی غیرت رکھنے والے علما پر بڑے شاق گزرے یہاں تک کہ عالم باعمل شیخِ محقق نے مسئلہ معراج میں جب ان کی یہ بے راہ روی دیکھی تو برداشت نہ کرسکے اور ان کی سخت گرفت فرماتے ہوئے ان کو گمراہ اور گمراہ کن قرار دیا، اور ایسا نہیں ہے کہ یہ عمل آپ نے ہی شروع کیا ہو بلکہ آپ سے پہلے وہ لوگ جو مرجع خلائق اور دین کی پہچان سمجھے جاتے تھے ایسوں پر قیامتیں ڈھا چکے ہیں جیسے کہ ملا علی قاری نے "شرح الفقہ الأکبر" میں تفصیلا بیان کیا ہے، اگر تو چاہے تو پڑھ کر دیکھ لے، جب تو اس کا مطالعہ کرے گا تو وہاں بڑی تعجب خیز باتیں پائے گا۔

ایسی ہی بے راہ روی بعض لوگوں نے صحابہ کرام رَضِيَ اللہ تعالی عَنهُم کے باہمی اختلافات بیان کرتے ہوئے اختیار کی کہ بعض صحابہ کرام یہاں تک کہ عشرہ مبشرہ کو فاسق کہنے کی نسبت بہت سے اہل سنت وجماعت کے علما کی طرف کردی، اور انہوں نے باخدا! نہ تو یہ بات کہی نہ اس کی اجازت دی۔

پس حق یہ ہی ہے کہ دین حدیث کے بغیر قائم نہیں رہ سکتا، اور حدیث سے فقیہ کے سوا کوئی استفادہ نہیں کر سکتا کیونکہ غیر فقیہ حدیث سے گمراہ ہو سکتا ہے، اور فقہ شبہات کی پیروی اور ناقص عقل کو اثبات احکام میں حاکم بنانے سے حاصل نہیں ہو سکتی، لہذا ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ ہمیں اور تمام مسلمانوں کو جہالت اور علم دونوں کے شر سے محفوظ رکھے، کہ بے شک علم کا فتنہ زیادہ خطرناک اور جان لیوا ہے۔ولا حَول ولا قُوّة إلاّ باللّٰه العَزيز الحَكيم.

اور یہاں پر تفصیلی کلام ہم نے راہ سنت کی حفاظت اور دین کو فتنوں کے شر سے بچانے کے لیے کیا ہے کہ کہیں یہ فتنے لوگوں میں عام ہو کر دین کا حصہ نہ بن جائیں اور دین و ایمان میں بگاڑ پیدا کر دیں، تو سن لو! اس کو مضبوطی سے تھام لو! یاد رکھو! نصیحت قبول کرنے والا ہی فتنوں سے محفوظ رہتا ہے اور خبردار! اس نصیحت کی مخالفت سے بچنا، اگرچہ بہکانے والے تمہیں کتنا ہی بہکائیں۔

ضروری تنبیہ

س اس کلام سے تو ایسا لگتا ہے کہ اکثر تفاسیر ہی غیر معتمد ہیں، تو کیا ہم تمام تفسیروں کو چھوڑ دیں؟

ج میں تمہیں اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں اس بات سے کہ تمہیں ہمارے کلام سے غلط فہمی ہو، یا ناسمجھی میں اس بات کا وسوسہ آئے اور ہم پر بہتان لگاؤ کہ ہم کو تفاسیر کی کوئی پروا نہیں، اور ہم ان کو بالکل اہمیت نہیں دیتے، اور ان کی درست باتوں کو بھی قبول نہیں کرتے، ایسا نہیں ہے ہم تو صرف یہ بتانا چاہتے تھے کہ تفسیر

کی اکثر مشہور کتابیں دخیل یعنی غیر متعلقہ چیزوں سے خالی نہیں، ان میں صحیح اور غیر صحیح تمام باتیں جمع کردی گئیں ہیں، تو بس کسی بات کا ان کتابوں میں موجود ہونا نہ تو اس کو قبول کرنے کو لازم کرتا ہے، اور نہ ناقد کو غلط اقوال پر تنقید سے روکتا ہے، اور تفسیر کی کتابوں کا حال ہمارے نزدیک اکثر کتب احادیث کی طرح ہی ہے، اس لیے کہ کتب حدیث میں بھی ہم بعض روایات قبول کرتے ہیں اور بعض کو چھوڑ دیتے ہیں، کیونکہ ہم جانتے ہیں کہ ان میں ہر قسم کی احادیث مروی ہیں، کبھی تو سند و متن بہت اعلی درجے کے ہوتے ہیں، اور کبھی سند و متن میں بہت زیادہ ضعف و رکاکت پائی جاتی ہے، تو سارا معاملہ حدیث کے سند و متن کے صحیح و مقبول ہونے کا ہے، تو جہاں بھی شرائط کے مطابق حدیث ملے گی قبول کرلیں گے اگرچہ اعلی درجہ کی کتاب نہ ہو، اور جہاں بھی مردود روایت ملے گی اس سے جان چھڑائیں گے اگرچہ کیسی ہی مشہور و معروف کتاب میں ہو۔

س تو پھر ان تفسیر کی کتابوں کا مطالعہ کیسے کریں جن میں صحیح اور غلط سب کچھ جمع کیا ہوا ہے؟

ج یقینا یہ تو آپ جان ہی چکے ہیں کہ تفسیر میں یہ عظیم بلا سندوں کو حذف کرنے کی وجہ سے آئی ہے، اور ایسے مشکل معاملے میں کہ جب سند تو معلوم نہیں ہے متن کی ہی تحقیق کرنا پڑے گی، پس اگر وہ نصوص شرعیہ سے ٹکراتا ہے، اور منصوص علیہ کا رد کرتا ہے، یا اس میں انبیاو مرسلین کی شان گھٹائی جارہی ہے، یا اور کسی وجہ سے میزان شریعت میں نامقبول ہے، تو ایسے قول کو مردود جانا جائے

گا، اور اگر وہ ان نقائص و عیوب سے منزّہ و مبرّا ہے تو قبول کرلیں گے، مگر ایک بے سند قول کو شریعت کے مخالف نہ ہونے کی وجہ سے قابل قبول سمجھنے اور ایک قول کے صحیح سند سے وارد ہونے کی بنا پر مقبول ہونے میں بڑا فرق ہے۔

س یہ اقوال کا قبول ورد کرنا اپنی رائے سے تفسیر کرنا نہیں ہے؟

ج ایسا کرنا تفسیر بالرائی کی جرأت کرنا نہیں ہے جس سے ہمیں منع کیا گیا ہے، (ہم ایسی جرأت کرنے سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں) بلا شبہ علم تفسیر نہایت دشوار و کٹھن ہے، اس میں ایسے علوم کی ضرورت پڑتی ہے جو نہ عام طور پر سب کو حاصل ہوتے ہیں اور نہ ان کا حاصل کرنا اتنا آسان ہوتا ہے، ان میں سے بعض کی تفصیل امام سیوطی رَحمَةُ الله تعالى عَلَيه نے بیان فرمائی ہے۔

اسی طرح اگر تفسیر میں ایسا قول آئے جس میں آیت کے ظاہری معنیٰ سے عدول کیا گیا ہو اور اس قول کا معتبر ہونا بھی صحیح سند سے ثابت ہو جائے، یا اس مقام پر ایسی حاجت ہو جو اس تاویل کے بغیر پوری نہ ہو سکے تو اس قول کو قبول کرنا ہی ضروری ہو گا، اور اگر ایسا معاملہ نہیں ہے تو اللہ تعالیٰ کے کلام کی دلالت ہی دوسرے اقوال کے مقابلے میں زیادہ اعتماد کے لائق ہے، یہ ہی ہمارے کلام کا مقصود تھا، تو اس میں کمی بیشی کرنے سے اجتناب کرو۔

لغت کے ذریعے تفسیر کا حکم اور تفسیر بالرائی مقبول کے بعض آداب

س لغت کے تقاضوں کے مطابق تفسیر کرنے میں علما کی کیا آراء ہیں؟

ج امام سیوطی رَحمَةُ الله تعالى عَلَيه فرماتے ہیں: بعض علمانے قرآن پاک

کی تفسیر لغت کے تقاضوں کے مطابق کرنے کے بارے میں امام احمد بن حنبل کے دو قول بیان کیے ہیں، اور کہا گیا کہ کراہت اس صورت میں ہو گی جب آیت کو اس کے ظاہری معنی سے پھیر کر اس کے ایسے معنی بیان کیے جائیں جن کا آیت احتمال تو رکھتی ہو مگر کلام عرب میں بہت کم مستعمل ہوں، زیادہ تر اشعار وغیرہ میں ہی استعمال ہوتے ہوں، اور لفظ کے مشہور معنی اس کے بر خلاف ہوں۔

اور امام زرکشی کی تصنیف "البُرھان" سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ہر وہ لفظ جو دو یا دو سے زیادہ معنی کا احتمال رکھتا ہو تو ان میں علما کے علاوہ کسی کو اجتہاد کی اجازت نہیں، اور علما پر بھی لازم ہے کہ دلائل وشواہد پر ہی اعتماد کریں نہ کہ صرف اپنی رائے پر بھروسہ کریں، پھر ان دو معنی میں سے اگر ایک معنی زیادہ ظاہر ہو تو اسی کو مراد لینا واجب ہے جب تک کہ مخفی معنی کے مراد ہونے پر کوئی دلیل قائم نہ ہو جائے۔

آگے جاکر فرماتے ہیں کہ علمانے فرمایا: مفسر پر واجب ہے کہ وہ تفسیر اس طرح کرے کہ وہ حتی الامکان قرآنی الفاظ کے موافق ہو، اور معنی کو ظاہر کرنے میں جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے ان میں کمی نہ کرے، اور جن کی حاجت نہیں انہیں ذکر کرنے سے بچے اور تفسیر میں معنوی انحراف اور مروجہ طریقے کی مخالفت سے گریز کرے، نیز اس پر یہ بھی لازم ہے کہ لفظ کے حقیقی اور مجازی معنی کی رعایت کرے اور کلام کی ترکیب واغراض کو بھی پیش نظر رکھے۔

تیسرا مقدمہ

قرآن کے معجزہ ہونے کے بارے میں

قرآنی تفسیر کی تمام وجہیں قابل حجت ہیں

س مفسرین کرام کے مختلف اقوال میں تطبیق کی کیا صورت ہے؟

ج آپ اکثر دیکھیں گے کہ بعض مفسرین کسی ایک آیت کی تفسیر میں ایک قول ذکر کرتے ہیں، اور دوسرے مفسرین کوئی اور قول بیان کرتے ہیں، اور بعض اوقات ایک آیت کے تحت بہت سی وجوہات جمع کر دیتے ہیں، مگر زیادہ تر یہ کثیر وجوہات نہ تو آپس میں متعارض ہوتیں ہیں، اور نہ ہی ان میں سے کسی ایک قول کو ترجیح دینے سے روکنے والی ہوتیں ہیں، خاص طور پر اس قول کو جو ان میں سے زیادہ روشن اور واضح ہو، تو پتا چلا یہ متعدد اقوال کا ذکر تفسیر میں اختلاف نہیں بلکہ ایک بات کو بیان کرنے کے مختلف انداز ہیں، یا پھر آیت مبارکہ ایک سے زائد وجوہات کا احتمال رکھتی ہے، لہذا ان تمام کو یہاں بیان کر دیا گیا ہے، اور یہ اس لیے کہ قرآن کریم کی آیات سے کئی معنی اخذ کیے جاسکتے ہیں، اس کے الفاظ ایک سے زیادہ معنی کا احتمال رکھتے ہیں، اور اس کے عجائبات ختم ہونے والے نہیں، اس کے معانی و مفاہیم کا دائرہ بہت وسیع ہے۔ پس اسی لیے قرآن کریم کو تفسیر کی تمام جہتوں کے اعتبار سے دلیل بنانا جائز ہے۔

اور یہ ہم پر اللہ تعالی کے احسانوں میں سے بڑا احسان ہے، اور اعجاز قرآن کی ایک روشن دلیل ہے، کیونکہ اگر معاملہ اس کے برعکس ہوتا یعنی یہ وجوہات آپس

میں متعارض ہوتیں تو معاذ اللہ یہ کثرت وجوہ کی نعمت مصیبت بن جاتی، اور یہ اعجاز عجز کی صورت اختیار کرلیتا، جب کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم کی صفت "المبین" یعنی روشن کتاب بیان کی ہے تو معلوم ہوا کہ ایک آیت میں مختلف معنی کا احتمال ہونا ایسا نہیں جیسا کسی مبہم کلام میں مختلف احتمالات تذبذب پیدا کر دیتے ہیں اور مراد واضح نہیں ہوتی، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ﴿قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَ لَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا﴾ [الكهف:١٠٩].

ترجمہ کنز الایمان: تم فرمادو اگر سمندر میرے رب کی باتوں کے لیے سیاہی ہو تو ضرور سمندر ختم ہو جائے گا اور میرے رب کی باتیں ختم نہ ہوں گی اگرچہ ہم ویسا ہی اور اس کی مدد کو لے آئیں۔

امام ابو نعیم اور ان کے علاوہ دوسروں نے حضرت عبد اللہ بن عباس رَضِي الله تعالى عَنهُما سے روایت کیا کہ رسول اللہ صَلَّى الله عَلَيه وَسَلَّم نے فرمایا: قرآن کریم بلا تکلف کثیر معنی کا احتمال رکھتا ہے لہذا اسے بہترین معنی پر محمول کرو۔

امام ابو حاتم حضرت ابن عباس رَضِی الله تعالى عَنه کا قول روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: بے شک قرآن کریم کے الفاظ مختلف معانی و مقاصد کا احتمال رکھتے ہیں، جن میں ظاہری پہلو بھی ہے اور باطنی بھی، اور قرآن کے عجائبات بے پناہ ہیں جن کا احاطہ ممکن نہیں۔

امام سیوطی فرماتے ہیں کہ ابن سبع نے "شفاء الصدور" میں حضرت ابو درداء رَضِي الله عَنه کا یہ قول نقل فرمایا: آدمی اس وقت تک "تفقّه في الدِّين"

میں کامل نہیں ہو سکتا جب تک قرآن کریم کی مختلف وجوہات کا احاطہ نہ کر لے، اور بعض علمانے فرمایا کہ قرآن کریم کی ہر آیت کو ساٹھ ہزار طریقوں سے سمجھا جاسکتا ہے۔انتھی ملخصاً

کیا خوب فرمایا امام بوصیری نے: قرآنی آیات سمندر کی موجوں کی طرح ایک دوسرے کو تقویت دیتیں ہیں، اور اپنے جودت وکمال میں ہیرے موتیوں سے بڑھ کر ہیں، ان کے عجائبات بے حد وبے شمار ہیں کہ انہیں جتنا ہی پڑھا جائے اکتاہٹ نہیں ہوتی۔

توبِحَمدِ اللہ ثابت ہوا کہ قرآنی آیات کے مختلف معانی ایک دوسرے کے منافی نہیں ہیں، اور نہ ہی ایک معنی کے قبول کرنے سے دوسرے کا انکار لازم آتا ہے، اسی وجہ سے آپ دیکھتے ہیں کہ علمائے کرام آیت کی کسی ایک تفسیر کو حجت بنا لیتے ہیں، یہ جانتے ہوئے بھی کہ اس آیت کے دوسرے معنی بھی ہیں، جو موجودہ مقام سے تعلق نہیں رکھتے، اور ان کا یہ علم انہیں ایسا کرنے سے نہیں روکتا، اور کیونکر روکے گا جب کے وہ اس بات کا یقین رکھتے ہیں کہ قرآن کریم اپنی تمام تر وجوہات کے ساتھ حجت ہے، اور یہ کثرت وجوہ مختلف اسالیب وانواع کا بیان ہے یہ بہت عظیم قاعدہ ہے، جسے ذہن نشین کرنا لازم ہے۔

اختلاف مفسرین کا سبب

س ایک لفظ کی تفسیر میں علما کے مختلف اقوال کیوں وارد ہوتے ہیں؟

ج ہمیں بیان کیا مولانا سراج نے مفتی جمال سے روایت کرتے ہوئے انہوں

نے السند السندی (محمد عابد سندھی) سے انہوں نے شیخ صالح سے انہوں نے محمد بن السنۃ اور سلیمان الدرعی سے انہوں نے شریف محمد بن عبد اللہ سے انہوں نے سراج بن الجائی، بدر الکرخی اور شمس العلقمی سے اور یہ سب کے سب امام جلال الدین سیوطی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے اپنی کتاب "الإتقان" میں ابن تیمیہ سے نقل کیا کہ اسلاف کا تفسیر میں اختلاف بہت کم ہے، اور جو اختلاف صحیح روایات سے ثابت بھی ہے تو وہ تعبیر کے مختلف انداز کا بیان ہے نہ کہ متضاد اقوال کا بیان، اور اس کی دو صورتیں ہیں:

پہلی صورت یہ ہے کہ مفسرین میں سے کوئی ایک لفظ کی مراد کو ایسے معنی سے بیان کرے جو دوسرے مفسر کے بیان کردہ معنی سے مختلف ہو، جب کے دونوں کا مصداق ایک ہو، جیسے ﴿الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيمَ﴾ [الفاتحة: ٥] کی تفسیر بعض نے «قرآن» سے کی یعنی اس کی پیروی، تو بعض نے «اسلام» سے کی، اور ان دونوں کا مصداق ایک ہی ہے، کیونکہ اسلام قرآن کی پیروی ہی تو ہے، مگر دونوں نے الگ الگ وصفوں کی طرف اشارہ کیا، جیسے کہ لفظ «الصِّرَاطَ» تیسرے وصف کی خبر دیتا ہے، اور اسی طرح جس نے اس کی تفسیر «اہل سنت» سے کی، اور جس نے «عبادت کے راستے» سے کی اور جس نے «اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت» سے کی اور اسی کی طرح دوسری تفسیریں، تو ان سب کا اشارہ ایک ہی ذات کی طرف ہے مگر سب نے اس کے الگ الگ وصف بیان کیے ہیں۔

دوسری صورت یہ ہے کہ مفسرین میں سے ہر کوئی کسی عام اسم کی بعض انواع

کو سامع کی تنبیہ کیلئے بطور مثال ذکر کرتا ہے، نہ کہ وہ اس نوع کے ذریعے اس شے کی جامع مانع تعریف کرتا ہے، اس کی مثال اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِیْنَ اصْطَفَیْنَا مِنْ عِبَادِنَا فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ وَ مِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ وَ مِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَیْرٰتِ بِاِذْنِ اللّٰهِ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِیْرُ﴾ [فاطر:٣٢] کی تفسیر میں وارد ہونے والے اقوال ہیں کیونکہ یہ بات تو معلوم ہے کہ واجبات کو ترک کرنے والے اور محرمات کا ارتکاب کرنے والے «ظالم لنفسه» یعنی اپنی جان پر ظلم کرنے والے ہیں، اور «مقتصد» یعنی درمیانی چال والے سے مراد واجبات کو ادا کرنے والے اور محرمات کو چھوڑنے والے ہیں، جب کہ «سابق بالخيرات» یعنی بھلائیوں میں سبقت لے جانے والوں میں ہر وہ شخص داخل ہے جو واجبات کے ساتھ ساتھ مستحبات پر عمل کر کے تقرب کے حصول میں سبقت لے جائے، پس درمیانی چال والے وہ ہیں جن کے سیدھے ہاتھ میں نامہ اعمال دیا جائے گا اور جو سبقت لے گئے وہ تو سبقت ہی لے گئے، وہی مقرّبِ بارگاہ ہیں، پھر مفسرین نے ان تینوں درجات کو عبادت کی کسی ایک نوع کی مثال کے ذریعے بیان فرمایا، جیسے کسی نے کہا کہ سابق وہ ہے جو اول وقت میں نماز ادا کرے، اور «مقتصد» وہ ہے جو درمیان وقت میں ادا کرے اور «ظالم لنفسه» وہ ہے جو عصر کی نماز کو آخری وقت میں جب سورج زرد ہو جائے ادا کرے، اور کسی مفسر نے کہا کہ سابق سے مراد وہ ہے جو زکاۃ کے ساتھ نفلی صدقہ بھی ادا کرے، اور «مقتصد» وہ ہے جو صرف فرض زکاۃ ادا کرے، جب کہ ظالم وہ ہے جو زکاۃ بھی ادا نہ کرے۔

امام سیوطی نے امام زرکشی سے نقل فرمایا کہ بسا اوقات مفسرین سے مختلف

عبارات منقول ہوتیں تو کوئی ناسمجھ ان کو اختلاف گمان کر کے اس آیت کی تفسیر میں کئی اقوال ذکر کر دیتا ہے، جب کہ معاملہ ایسا نہیں ہوتا بلکہ ان میں سے ہر ایک نے آیت کا وہ معنیٰ ذکر کیا ہوتا ہے جو اس کے نزدیک زیادہ واضح ہوتا ہے، یا موقع محل کے زیادہ قریب ہوتا ہے، اور بعض اوقات کوئی مفسر شے کے لازم یا نظیر کو بیان کرتا ہے، تو دوسرا اس بات کے مقصد اور ثمرات کو بیان کرتا ہے، اور اکثر اوقات سب کے کلام کا خلاصہ و نتیجہ ایک ہی نکلتا ہے۔

امام سیوطی امام بغوی، امام کواشی اور ان کے علاوہ دوسروں سے نقل کرتے ہوئے بیان فرماتے ہیں: تاویل یہ ہے کہ استنباط کے ذریعے آیت کو سیاق و سباق سے موافقت رکھتے ہوئے ایسے معنیٰ کی طرف پھیرا جائے جن کا آیت احتمال رکھتی ہو، اور وہ قرآن و سنت کے خلاف بھی نہ ہوں، تو ایسی تاویل علم تفسیر کے جاننے والے علما کو منع نہیں ہے، جیسے کہ اللہ تعالیٰ کے فرمان: ﴿اِنْفِرُوْا خِفَافًا وَّ ثِقَالًا﴾ [التوبة: ٤١] میں «خفافا» اور «ثقالا» کی تفسیر کسی نے جوان اور بوڑھے سے کی، تو کسی نے غنی اور فقیر سے کی، کسی نے کنوارے اور شادی شدہ سے کی، تو کسی نے چست اور سست سے کی، اور کسی نے صحت مند اور مریض سے کی، اور یہ سب تفسیریں ممکن ہیں کیونکہ آیت ان سب کا احتمال رکھتی ہے۔ اور یہ فصل بہت وسیع و عریض ہے، اگر ہم اس کی تفصیلات میں گئے تو اپنے موضوع سے ہٹ جائیں گے، لہٰذا جو ہم نے بیان کر دیا عقل مندوں کے لیے کافی ہے، خصوصاً ان کے لیے جو مفسرین اور قرآن کریم سے استنباط کرنے والے علما کے کلام سے استفادہ کرتے ہیں۔

المراجع والمصادر

كتب التفسير

تفسير الطبري، محمد بن جرير الطبري، (ت: ٣١٠هـ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤٢٠هـ.

تفسير البيضاوي، عبد الله بن عمر الشيرازي البيضاوي، (ت: ٦٨٥هـ)، دار الفكر، بيروت ١٤٢٠هـ.

تفسير المدارك، عبد الله بن أحمد بن محمود النسفي، (ت: ٧١٠هـ)، دار المعرفة، بيروت ١٤٢١هـ.

الدر المنثور، جلال الدين السيوطي، (ت: ٩١١هـ)، دار الفكر، بيروت ١٤٠٣هـ.

نواهد الأبكار، جلال الدين السيوطي، (ت: ٩١١هـ)، جامعة أم القرى، السعودية ١٤٢٤هـ.

كتب علوم القرآن

البرهان في علوم القرآن، محمد بن عبد الله الزركشي، (ت: ٧٩٤هـ)، دار الفكر، بيروت ١٤٢١هـ.

الإتقان في علوم القرآن، جلال الدين السيوطي، (ت: ٩١١هـ)، دار المصطفى، دمشق ١٤٢٩هـ.

مجمع بحار الأنوار، محمد طاهر الهندي (ت: ٩٨٦هـ)، مكتبة دار الإيمان، المدينة المنورة ١٤١٥هـ.

الإسرائيليات والموضوعات، محمد بن محمد أبو شهبة، مكتبة السنة، القاهرة ١٤٠٨هـ.

الدخيل في التفسير، أبو أمجد أحمد رضا العطاري الشامي، الرسالة الجامعية.

كتب الحديث

صحيح البخاري، محمد بن إسماعيل البخاري (ت: ٢٥٦هـ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٩هـ.

مصنف ابن أبي شيبة، عبد الله بن محمد بن أبي شيبة (ت: ٢٣٥هـ)، دار الفكر، بيروت ١٤١٤هـ.

المسند، إمام احمد بن محمد بن حنبل (ت: ٢٤١هـ)، دار الفكر، بيروت ١٤١٤هـ.

سنن الدارقطني، امام علي بن عمر دارقطني (ت: ٣٨٥هـ)، مؤسسة الرسالة، بيروت ١٤٢٤هـ.

المقاصد الحسنة، محمد بن عبد الرحمن السخاوي (ت: ٩٠٢هـ)، دار الكتاب العربي، بيروت ١٤٢٥هـ.

كتب شروح الحديث

مرقاة المفاتيح، علي بن سلطان محمد القاري (ت: ١٠١٤هـ)، دار الفكر، بيروت ١٤١٤هـ.

علوم اللغة والمعاجم

الصحاح في اللغة، إسماعيل بن حماد الجوهري (ت: ٣٩٨هـ)، دار احياء التراث العربي، بيروت ١٤١٩هـ.

معجم القواعد العربية، عبد الغني بن علي الدقر (ت: ١٤٢٣هـ)، مكتبة مشكاة الإسلامية.

كتب العقائد

شرح العقائد النسفية، مسعود بن عمر التفتازاني (ت:٧٩٣ ھ)، مكتبة المدينة، الكراتشي ١٤٣٠ھ

كتب الرجال والتراجم والأعلام

الطبقات الكبرى ، لمحمد بن سعد هاشمي (ت: ٢٣٠ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٨ ھ.

المجروحين، إمام حافظ لمحمد بن حبان (ت: ٣٥٤ ھ)، دار الصميعي، رياض ١٤٢٠ ھ .

الكامل في ضعفاء الرجال، عبدالله بن عدي الجرجاني (ت: ٣٦٥ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٨ ھ.

وفيات الأعيان، أحمد بن محمد بن إبراهيم ، (ت: ٦٨١ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٩ ھ.

ميزان الاعتدال، لمحمد بن أحمد الذهبي (ت: ٧٤٨ ھ)، دار الفكر، بيروت ١٤٢٠ ھ.

تذكرة الحفاظ، لمحمد بن أحمد الذهبي (ت: ٧٤٨ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٩ ھ.

تقريب التهذيب، أحمد بن علي بن حجر العسقلاني (ت: ٨٥٢ ھ)، دار العاصمة، الرياض ١٤١٥ ھ.

الكواكب السائرة، لمحمد بن محمد الغزي (ت: ١٠٦١ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٨ ھ.

شذرات الذهب، عبد الحي بن أحمد الحنبلي (ت: ١٠٨٩ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٩ ھ.

خلاصة الأثر ، لمحمد أمين بن فضل الله المُحِبّي (ت: ١١١١ ھ)، دار صادر، بيروت

سلك الدرر، لمحمد خليل بن علي الحسيني (ت: ١٢٠٦ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٨ ھ.

"الأعلام" خير الدين بن محمود الزركلي (ت: ١٣٩٦ ھ)، دار العلم للملايين، بيروت ١٩٩٥ م.

هدية العارفين، إسماعيل بن محمد أمين البغدادي (ت: ١٣٩٩ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٤١٣ ھ.

كتب الفقه

الفتاوى الحديثية، أحمد بن محمد الهيتمي (ت: ٩٧٤ ھ)، دار احياء التراث العربي، بيروت ١٤١٩ ھ.

العطايا النبوية في الفتاوى الرضوية، الإمام أحمد رضا خان (ت: ١٣٤٠ ھ)، رضا فاؤنديشن، لاهور.

كتب السيرة النبوية والشمائل

الشفا بتعريف حقوق المصطفى، القاضي عياض المالكي (ت: ٥٤٤ ھ)، دار الكتب العلمية، بيروت ١٣٩٩ ھ.

عصيدة الشهدة، السيد عمر بن أحمد الحنفي (ت: ١٢٩٩ ھ)، مكتبة المدينة، كراتشي ١٤٣٤ ھ.

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نیک نمازی بننے کیلئے

ہر جُمعرات بعد نمازِ مغرب آپ کے یہاں ہونے والے **دعوتِ اسلامی** کے ہفتہ وار سنّتوں بھرے اجتماع میں رِضائے الٰہی کیلئے اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات شرکت فرمایئے ❁ سنّتوں کی تربیت کے لئے **مَدَنی قافلے** میں عاشقانِ رسول کے ساتھ ہر ماہ تین دن سفر اور ❁ روزانہ **''فکرِ مدینہ''** کے ذَرِیعے **مَدَنی اِنْعامات** کا رِسالہ پُر کرکے ہر مَدَنی ماہ کی پہلی تاریخ اپنے یہاں کے ذِمّے دار کو جمع کروانے کا معمول بنالیجئے۔

میرا مَدَنی مقصد: ''مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کرنی ہے۔'' اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ۔ اپنی اِصلاح کے لیے ''**مَدَنی اِنْعامات**'' پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشش کے لیے ''**مَدَنی قافلوں**'' میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ













ISBN 978-969-631-792-0
0125524





MC 1286

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net